نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں ایگرو لرننگ سینٹر کا افتتاح کر دیا

غذائی خود کفالت کی منزل کے حصول کے لئے انڈسٹری اور اکیڈیمیا تعلقات کو مضبوط کرتے ہوئے جدید زرعی ٹیکنالوجی کو فروغ دینا ناگزیر ہے۔سید حسین جہانیاں گردیزی صوبائی وزیر زراعت پنجاب

لاہور 23 نومبر 2021: غذائی خود کفالت کی منزل کے حصول کے لئے انڈسٹری اور اکیڈیمیا تعلقات کو مضبوط کرتے ہوئے جدید زرعی ٹیکنالوجی کو فروغ دینا ناگزیر ہے جس کے لئے زرعی سائنسدانوں کو کاشتکاروں کے مسائل کے حل کے لئے تمام کاوشیں بروئے کار لانا ہوں گی ان خیالات کا اظہار وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے ایگرو لرننگ سینٹر کے افتتاح کے موقع پر کیا انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں اس سال ڈیڑھ من فی ایکڑ گندم کی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے اور حکومتی انقلابی اقدامات کی وجہ سے اگلے سال تین من فی ایکڑ اضافہ متوقع ہے۔انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کی گندم بڑھاؤ مہم میں زرعی یونیورسٹی کے 22 ہزار طلبہ نے حصہ لیا جس سے نہ صرف کاشتکاروں کو جدید طریقہ کاشت سے روشناس کروانے میں مدد ملی بلکہ طلبہ کو کلاس رومز سے نکل کر کاشتکاروں کے اصل مسائل سے آگاہی بھی حاصل ہوئی۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ 30 فیصد کسان تصدیق شدہ بیج کی سہولت سے مستفید ہو پاتے ہیں جس کو جلد ہی 50 فیصد تک لانے کے لئے تمام وسائل مہیا کئے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دس سے بیس فیصد تک اجناس فصل کی کٹائی کے دوران ضائع ہو جاتی ہے جس پر قابو پانے کے لئے جدید مشینری کے استعمال کو فروغ دیا جا رہا ہے اسی لئے موجودہ حکومت امسال گندم کی پیداوار میں اضافہ کے قومی پروگرام کے تحت 1 ارب روپے سے زیادہ کی زرعی مشینری کاشتکاروں کو سبسڈی پر مہیا کر رہی ہے۔اس کے علاوہ حکومت پنجاب نے کیش ٹرانسفر کی صورت میں براہ راست سبسڈی کی فراہمی کے لئے کسان کارڈ کا اجراء کیا ہے جس کے تحت اب تک پانچ لاکھ سے زائد کاشتکار اس کارڈ کے حصول کے لئے رجسٹریشن کروا چکے ہیں۔انہوں نے کاشتکاروں سے اپیل کی کہ وہ جلد از جلد کسان کارڈ کی رجسٹریشن مکمل کروائیں تاکہ وہ سبسڈی سے مستفید ہو سکیں۔سید حسین جہانیاں گردیزی نے کہا کہ حکومت زراعت کو منافع بخش، فوڈ سکیورٹی اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے لئے انقلابی اقدامات کر رہی ہے تاکہ نچلی سطح پر غربت کے خاتمے کے ساتھ ساتھ معاشی ترقی کی نئی راہیں کھولی جا سکیں۔۔مزید برآں وزیر زراعت نے محکمہ زراعت توسیع اور زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کی طرف سے زیادہ گندم اگاؤ مہم کے سلسلہ میں یونیورسٹی طلباء کی کاشتکاروں کو فنی رہنمائی فراہم کرنے کے لیے ڈی بریفنگ سیشن سے خطاب کیا جس میں یونیورسٹی کے اساتذہ محکمہ زراعت توسیع کے افسران اور طلبہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی وزیر زراعت نے کہا کہ اس مہم کی کامیابی پر میں یونیورسٹی اور محکمہ زراعت توسیع کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ ان کاوشوں کے نتیجہ میں تین من فی ایکڑ گندم کی پیداوار میں اضافہ کا ہدف ضرور حاصل ہوگا انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کی طرف سے کھادوں کی قیمتوں میں توازن اور ان کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے حکومت پنجاب مصروف عمل ہے اور کاشتکاروں کو مالی معاونت فراہم کرنے کے لئے کسان کارڈ کا اجرا کیا جا رہا ہے جس سے پنجاب بھر کے کاشتکار مستفید ہو رہے ہیں۔قبل ازیں ڈاکٹر اسرار احمد وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فوڈ سکیورٹی ہمارا اور پرائیویٹ سیکٹر کا مشترکہ مسئلہ ہے اس پر مشترکہ کاوشیں بروئے کار لانا لازمی ہے انہوں نے مزید کہا کہ لرننگ سینٹر کے قیام سے یونیورسٹی

طلباء کی تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت بھی ممکن ہو سکے گی اس سینٹر کا قیام ایک مثال ہے جس کی پیروی دیگر یونیورسٹیز بھی کریں گی۔ بعدازاں ڈاکٹر اقرار احمد خان وائس چانسلرز زرعی یونیورسٹی فیصل آباد اور سی ای او ڈیجیٹلائز کمپنی کے موبائل ایم او یو پر دستخط ہوئے۔ تقریب کے اختتام پر ڈاکٹر اقرار احمد وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کو یادگاری شیلڈ پیش کی اور وزیر زراعت نے یونیورسٹی اساتذہ اور نجی فرٹیلائزر کمپنی کے افسران میں شیلڈز تقسیم کیں اور زیادہ گندم اگاؤ مہم میں حصہ لینے والے طلبہ اور طالبات میں تعریفی اسناد تقسیم کی گئی۔

☆☆☆☆